(2)

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا

ٹینڈر نوٹس

سرگودھا بورڈ کو برائے مالی سال 22-2021 از مورخہ 01-10-2021 تا 30-09-2022 عرصہ 1 سال کے لئے 5 عدد ہیوی ڈیوٹی کاپی پرنٹرز اور تین عدد فوٹو سٹیٹ مشینوں کی سروسز / مرمت اوور ہالنگ اور تبدیلی پرزہ جات کے لئے محکمہ FBR، جنرل سیلز ٹیکس اور پنجاب ریونیو اتھارٹی سے رجسٹرڈ شدہ فرموں سے پیپرا رولز 2014 ایک مرحلہ دو لفافے کے طریقہ کار کے تحت سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ پرنٹرز / فوٹو سٹیٹ مشین کی تفصیل درج ذیل ہے۔

نمبرشار	قسم مشین / سائز	تعداد	سائز ماڈل	نمبر
1-	گیسٹیٹنر (A3)	02	DX4542/DX4545	N 1570400030 N 6991100016
2-	(A3) RICOH	02	DD 4450	D222ZB00079 D222ZB00081
3-	nashuatec(A3)	01	DD4450	D226Z200046
4-	RICHO (Photo State)	03	RICOH	MP 5000B

ٹینڈر تخمینہ مبلغ -/4,00,000 (چار لاکھ روپے) ہے۔ٹینڈر کے مطابق اندازاً ٹینڈر مالیت کی 05 % CDR مبلغ -/20,000 روپے (بیس ہزار روپے) بنام سیکرٹری سیکنڈری بورڈ سرگودھا بطور ضمانت شیڈولڈ بنک سے بنوا کر ٹیکنیکل پروپوزل کے ہمراہ منسلک کرنا ہوگی۔ دستاویزات و دیگر شرائط ٹینڈر کی اشاعت کے فوراً بعد دفتری اوقات میں اسٹیٹ و ویلفیئر آفیسر بورڈ ہذا کے دفتر سے مبلغ -/1000 روپے (ایک ہزار روپے) کی ادائیگی پر مورخہ **20-09-2021** تک حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ ٹینڈر فارم مورخہ **21-09-2021** بروز منگل تک زیر دستخطی کے دفتر میں بذریعہ ڈاک بوقت **01:00 PM** بجے بعد دوپہر تک پہنچ جانے چاہیے۔ بعد میں وصول ہونے والے ٹینڈرز زیر غور نہ لائے جائیں گے۔ کوئی ٹینڈر دستی وصول نہ کیا جائے گا۔ وصول شدہ ٹینڈر اسی روز بوقت **02:00 PM** بجے اتھارٹی مجاز کمیٹی بورڈ ہذا ٹینڈر دہندگان / با اختیار نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ مشکوک / کانٹ چھانٹ والا ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔ سیکرٹری بورڈ ہذا کو پنجاب پروکیورمنٹ قوانین کی شق نمبر 35 کے تحت اختیار ہوگا۔ کہ وہ تمام ٹینڈرز مسترد کر دیں۔

المشتہر

(دستخط)

ڈاکٹر محسن عباس

سیکرٹری

Scanned with CamScanner

بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا

نمبر:۔ ______ مورخہ:۔ ______

بنام:۔

(شرائط معاہدہ)

شرائط معاہدہ سروسز پانچ عدد پرنٹرز اور تین عدد فوٹو کاپیئر برائے مالی سال 22-2021 از مورخہ 01-10-2021 تا 30-09-2022 عرصہ 1 سال

1۔ یہ ٹینڈر بمطابق پیپرا رولز 2014 ایک مرحلہ دو لفافے کا طریقہ کار کے تحت وصول کئے جائیں گے۔ اس کے مطابق ٹینڈر منسلکہ پروفارمہ A بطور ٹیکنیکل پروپوزل اور پروفارمہ B بطور فنانشل پروپوزل علیحدہ علیحدہ سربمہر لفافہ جات میں ڈال کر دونوں لفافہ جات ایک بڑے لفافے میں ارسال کرنا ہوں گے۔ لفافوں پر جلی الفاظ میں ٹیکنیکل پروپوزل اور فنانشل پروپوزل درج ہونا چاہیے۔

2۔ سیکرٹری بورڈ ہذا کو پنجاب پروکیورمنٹ قوانین 2014 کی شق نمبر 35 کے تحت یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ تمام ٹینڈر مفاد بورڈ میں مسترد کردیں۔ تاہم ٹینڈر مسترد ہونے کی صورت میں ٹینڈر دہندہ کو اس کی درخواست پر پیپرا رولز 2014 کی شق نمبر (25.5) کے مطابق آگاہ کیا جائے گا۔ تاہم ٹینڈر منظور / مسترد کرنے کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ اور اس فیصلہ کو کسی بھی کورٹ میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا۔ ٹینڈر دہندہ پر پنجاب پروکیورمنٹ قوانین 2014، سرگودھا بورڈ پروکیورمنٹ رولز 2012 اور دیگر شرائط کی پابندی لازمی ہوگی۔

3۔ ٹینڈر میں تحریر کردہ نرخ ٹینڈر کھولنے کی تاریخ سے ایک سال (01-10-2021 تا 30-09-2022) کے لئے ہوں گے۔ مزید براں دوران معاہدہ ضرورت پڑنے پر فرم پرزہ جات اسی نرخ پر سپلائی کی پابند ہوگی۔

4۔ ٹینڈر کے ہمراہ ٹینڈر کی کل مالیت کے 05% کے برابر کی CDR بنام سیکرٹری بورڈ شیڈولڈ بنک کی کسی بھی شاخ سے بنوا کر منسلک کی جائے۔ دفتر میں کسی اور ٹینڈر کے ہمراہ منسلک کردہ یا پہلے سے موجود CDR کو اس مقصد کے لئے ہرگز استعمال نہیں کیا جاسکے گا۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ کو ورک آرڈر جاری ہونے سے قبل ورک آرڈر کی کل مالیت کا 10% بطور پرفارمنس سیکورٹی جمع کروانا ہوگی۔

5۔ کامیاب ٹینڈر دہندگان کو ورک آرڈر کے اجراء سے قبل ورک آرڈر کی کل مالیت کا 0.25 % کے حساب سے اشٹام پیپر بغرض تحریری معاہدہ دفتر میں فراہم کرنے ہونگے۔ نقد رقم، بنک چیک، اور بنک ڈرافٹ قابل قبول نہ ہوگا۔

6۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ کو تمام پرزہ جات اپنے خرچ پر بورڈ آفس میں متعلقہ مشینوں میں تبدیل کرنا ہوں گے۔ جس کے لئے لوڈنگ / ان لوڈنگ بار برداری انکم ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس، سیلز ٹیکس نیز دیگر کسی بھی قسم کے رائج الوقت ٹیکس کی ادائیگی بذمہ فرم ہوگی۔ تمام ٹیکسز کے سرٹیفکیٹ کی نقول ٹینڈر کے ہمراہ لازمی منسلک کرنا ہوگی۔ مروجہ ٹیکس جمع کروانے کے بعد تمام ٹیکسز کی ریٹرن دفتر کو فوری فراہم کرنا فرم کی ذمہ داری ہوگی۔ بصورت دیگر فرم کی سیکورٹی واپس نہیں کی جائے گی۔

7۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ تمام پرزہ جات ٹینڈر نوٹس میں تحریر کردہ مشینوں کے متعلقہ ماڈلز کے ہی ہونا چاہیے۔

8۔ ناکام ٹینڈر دہندہ کی زرضمانت اس کی تحریری درخواست پر واپس کر دی جائے گی۔ جبکہ دوسرے نمبر پر آنے والے ٹینڈر دہندہ کو زرضمانت کامیاب ٹینڈر دہندہ کو ورک آرڈر (یعنی تحریری معاہدہ ہونے) کے بعد واپس کر دی جائے گی۔

9۔ تحریری معاہدہ کی تاریخ سے سروسز کی فراہمی بمطابق دفتری ضرورت فوراً مکمل کرنا ہوگی۔ فراہمی سروسز میں دو سے زائد دن کی تاخیر کی صورت میں جرمانہ عائد کرنے میں جناب چیئرمین بورڈ کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ ناگزیر حالات کی صورت میں عرصہ سروسز کے اندر تاخیر کی معافی کے لئے کامیاب ٹینڈر دہندہ درخواست گذار سکے گا۔ جس پر جناب چیئرمین بورڈ ہذا، مجوزہ کمیٹی کی سفارش کے مطابق کلی یا جزوی جرمانہ/معافی کا فیصلہ کریں گے۔

10۔ اگر ٹینڈر دہندہ ورک آرڈر کے مطابق سروسز/پرزہ جات فراہم نہ کر سکا تو اسکی زرضمانت ضبط کر لی جائے گی۔ اس طرح دفتر ہذا کو جو نقصان ہوگا کامیاب ٹینڈر دہندہ کے بل/زرضمانت سے وضع کر لیا جائے گا۔

11۔ ٹینڈر دہندہ اس بات کا بیان حلفی دے گا کہ یہ کسی سرکاری یا نیم سرکاری ادارہ سے بلیک لسٹ نہ ہے۔ جو فرم کسی سرکاری یا نیم سرکاری ادارہ سے بلیک لسٹ ہوئی تو اسکا ٹینڈر مسترد کر دیا جائے گا۔

12۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ اس امر کا پابند ہوگا کہ ایمرجنسی کی صورت میں ٹیلی فونک اطلاع پر فوری سروسز فراہم کرے۔

13۔ سروسز کی ادائیگی مدت معاہدہ ختم ہونے پر کی جائے گی۔ جبکہ پرزہ جات کی تبدیلی کی ادائیگی متعلقہ برانچ کی تسلی بخش رپورٹ پر کی جائے گی۔

اسٹیٹ ویلفیئر آفیسر
بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا

سرٹیفکیٹ از ٹینڈر دھندہ فرم

مذکورہ بالا تمام شرائط کا مطالعہ کر لیا ہے۔ اور ان سے مکمل اتفاق ہے۔ نیز ان کی پابندی کی جائے گی۔

دستخط مہر فرم